B.Ed (Biological Science)/E.T/ 2023

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## بی۔ایڈ ریگولر انٹرنس ٹسٹ (حیاتیاتی سائنس) 2023

## B.Ed. Regular Entrance Test (Biological Science) 2023

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

نمبرات : 100

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

نوٹ: یہ کتابچہ دو حصوں حصۂ اول' (i) عام معلومات (General Knowledge)' (ii) عام اردو (General Urdu) ' (iii) عام انگریزی (General English) ' تدریسی رجحان (Teaching Aptitude) اور (v) ذہنی صلاحیت (Mental Ability) اور 'حصہ دوم' **حیاتیاتی سائنس** (Biological Science) پر مشتمل ہے۔

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# (Part - 1) حصہ اول

## (General Knowledge) عام معلومات (i)

1) پانی پت کی پہلی جنگ کب ہوئی؟

(A) 1526 (B) 1536

(C) 1534 (D) 1556

2) راجیہ سبھا کے ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب کتنی مدت کے لیے ہوتا ہے؟

(A) 3 سال (B) 4 سال

(C) 5 سال (D) 6 سال

3) نیلا انقلاب (Blue Revolution) کس سے متعلق ہے؟

(A) اناج (B) مچھلیاں

(C) دالیں (D) تلہن

4) دودھ کے دانتوں (Milk Teeth) میں کون سے دانت موجود نہیں ہوتے؟

(A) انسیزرس (Incisors) (B) کینائینس (Canines)

(C) پریمولیرس (Premolars) (D) مولرس (Molars)

5) ہندوستانی آئین کی کون سی دفعہ 6 سے 14 سال کے بچوں کو مفت تعلیم کا حق دیتی ہے؟

(A) 14 (B) 21

(C) 23 (D) 16

6) ہر سال یوم زمین (Earth Day) کب منایا جاتا ہے؟

(A) 22 مارچ (B) 23 اپریل

(C) 22 مئی (D) ان میں سے کوئی نہیں

7) مولانا ابوالکلام آزاد کی پیدائش کس شہر میں ہوئی؟

(A) کلکتہ (B) مکہ

(C) ڈھاکہ (D) ممبئی

8) ہندوستانی آئین کی کون سی دفعہ اقلیتوں کو ان کی مرضی کے تعلیمی ادارے قائم کرنے کی آزادی دیتی ہے؟

(A) 29 (B) 30

(C) 25 (D) 26

9) ان میں سے کس کتاب کے مصنف (Writer) مولانا ابوالکلام آزاد نہیں ہے؟

(A) آثارالصنادید (B) انڈیا ونس فریڈم

(C) غبارِخاطر (D) تذکرہ

10) روبل (Ruble) کس ملک کی کرنسی ہے؟

(A) امریکہ (B) فرانس

(C) جرمنی (D) روس

## (ii) عام اردو (General Urdu)

11) جس اسم سے کسی خاص قسم کی آواز نکلے اسے کہتے ہیں۔

(A) اسم صوت (B) اسم استفہام

(C) اسم حالیہ (D) حاصل مصدر

12) ابوالحسن میں ابو ہے۔

(A) لقب (B) خطاب

(C) کنیت (D) عرف

13) درج ذیل میں کون سا لفظ مذکر ہے؟

(A) نعمت (B) شہر

(C) رحمت (D) قیامت

14) درج ذیل میں ''اسم آلہ'' ہے۔

(A) دستانہ (B) کتب خانہ

(C) سجاوٹ (D) خوبصورت

15) ''تذکرہ'' کتاب کے مصنف ہیں:

(A) سرسید احمد خان
(B) سید امین اشرف
(C) مولوی عبدالحق
(D) ابوالکلام آزاد

16) اردو کا صوفی شاعر کسے کہا جاتا ہے؟

(A) میر تقی میر
(B) میر درد
(C) فانی بدایونی
(D) شاد عظیم آبادی

17) سدا کا ہم معنی لفظ ہے:

(A) ہمیشہ
(B) آواز
(C) ایک
(D) امید

18) آباد کی ضد کیا ہے؟

(A) خشک
(B) تر
(C) واحد
(D) ویران

19) 'چھکے چھوٹنا' کا مطلب ہوتا ہے۔

(A) ڈر کر بھاگنا
(B) بری طرح ہار جانا
(C) مدد مانگنا
(D) آزمانہ

20) منشی پریم چند کہاں پیدا ہوئے؟

(A) بنارس
(B) الہٰ آباد
(C) فیض آباد
(D) لکھنوی

## (iii) عام انگریزی (General English)

21) David sold the car because it .............................. old.

(A) is
(B) was
(C) has
(D) had

22) Rahim .............................. tea every morning.

(A) drinks (B) drink

(C) drank (D) drunk

23) Find the correctly spelled word.

(A) Leiftenant (B) Leftenant

(C) Leiutenant (D) Lephtinant

24) Empathic pronoun is used to ..................

(A) Demonstrate (B) Ask questions

(C) Emphasis (D) Distributive

25) Distribute these sweets ........................ students.

(A) between (B) in

(C) to (D) among

26) One word for "Being unable to pay one's debt".

(A) Poor (B) Insolvent

(C) Prosperous (D) Defiant

27) Choose the correct Synonym for word 'Tedious'.

(A) Tired (B) Heavy

(C) Laborious (D) Boring

28) Choose the word which express the opposite meaning of 'Zenith'.

(A) Nadir (B) Peak

(C) Height (D) Zeal

29) He goes to the office ........................ foot.

(A) with (B) by

(C) on (D) at

30) The examination will begin ........................ Friday

(A) on (B) for

(C) since (D) at

## (iv) تدریسی رجحان (Teaching Aptitude)

31) آپ تدریسی پیشہ (Teaching Profession) اختیار کرنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ:

(A) تدریس کے پیشہ میں تنخواہ اچھی ہے (B) آپ کو تدریس میں دلچسپی ہے

(C) تدریس ایک پرامن پیشہ ہے (D) آپ کو سرکاری ملازمت مل سکے

32) جدید تعلیمی نظام میں جسمانی سزا:

(A) کبھی بھی نہیں دی جانی چاہئیں (B) کبھی کبھی دی جانی چاہئیں

(C) جب ضروری ہو دی جانی چاہئیں (D) اسکول میں نظم وضبط برقرار رکھنے میں مدد کرتی ہے

33) تعلیم کا اصل مقصد ہے۔

(A) امتحان میں کامیابی حاصل کرنا (B) سرکاری ملازمت حاصل کرنا

(C) سماج میں پھیلی برائیوں کو دور کرنا (D) بچے کی ہم جہت نشو ونما کرنا

34) ایک مؤثر معلم بننے کے لیے آپ کو کس کا علم ہونا چاہیے؟

(A) مضمون کا (B) بچے کا

(C) بچے اور مضمون دونوں کا (D) سماج کا

35) ڈسٹرکٹ پرائمری ایجوکیشن پروگرام (DPEP) شروع ہوا تھا۔

(A) 1994 (B) 1986

(C) 2000 (D) 2008

36) تدریس کے دوران تدریسی اشیاء (Teaching Aids) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

(A) سبق کو دلچسپ بنانے کے لیے (B) بچوں کو خوش کرنے کے لیے

(C) بچوں کی توجہ حاصل کرنے کے لیے (D) تدریس کو مؤثر بنانے کے لیے

37) استاد کو طلبہ کا اعتماد جیتنے کے لیے کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

(A) باپ جیسا
(B) دوست جیسا
(C) ماں جیسا
(D) بھائی جیسا

38) آپ کے نقطۂ نظر سے ایک استاد کو طلبا میں کس کی نشوونما فوقیت کی بنیاد پر کرنی چاہیے؟

(A) کام کے تئیں لگن
(B) محنت کی اہمیت
(C) مذہب سے لگاؤ
(D) خوداعتمادی

39) اگر آپ کی کلاس میں کوئی بچہ نظم وضبط بگاڑتا ہے تو:

(A) آپ اس بچہ کو سزا دیں گے
(B) آپ اس بچہ کے والدین سے اس کی شکایت کریں گے
(C) آپ اس کی وجہ جاننے کی کوشش کریں گے
(D) پرنسپل کو اس کی اطلاع دیں گے

40) آپ کے مطابق بچوں کو ابتدائی تعلیم کس زبان کے ذریعہ دی جانی چاہیے؟

(A) مادری زبان
(B) ہندی زبان
(C) اردو زبان
(D) مقامی زبان

## (v) ذہنی صلاحیت (Mental Ability)

41) ایک مخصوص کوڈ میں 'AYS' کو 'BAT' لکھا گیا ہے تو 'BYS' کو اس اعتبار سے کیا لکھا جائے گا؟

(A) RAT
(B) MAT
(C) CAT
(D) AAT

42) دہرادون: اتراکھنڈ کوہما : .......................؟

(A) ناگالینڈ
(B) آسام
(C) منی پور
(D) تری پورا

43) ریل گاڑی: پٹری

(A) تصور : دماغ
(B) پانی: کشتی
(C) فریم: ٹیلی ویژن
(D) گولی: بندوق کی نالی

(44 مندرجہ ذیل میں کون سا مختلف ہے؟

(A) بھائی (B) بھابی

(C) چاچازاد بھائی (D) چچا

(45 اس سیریز کا اگلا نمبر کیا ہوگا: 121, 225, 361 , ............؟

(A) 441 (B) 448


(C) 519 (D) 729

(46 مندرجہ ذیل میں غائب اصطلاح کو تلاش کیجیے: FU, CX, AZ.......................؟

(A) JQ (B) IR

(C) IV (D) KP

(47 ذیل کی تصویر میں غائب اعداد کی نشاندہی کیجیے۔




(A) 48 (B) 32

(C) 35 (D) 120

(48 ایک شخص کی طرف اشارہ کرتے ہوئے رحیم کہتا ہے ''اس کا اکلوتا بھائی میری بیٹی کے والد کا باپ ہے رحیم سے اس شخص کا کیا رشتہ ہے؟

(A) چچا (B) والد

(C) دادا (D) بھائی

(49 تاریخ 01-12-1991 پہلا سوموار تھا دسمبر 1991 میں چوتھا بدھ کا دن کس تاریخ کو تھا؟

(A) 17-12-1991 (B) 26-12-1991

(C) 31-12-1991 (D) 24-12-1991

(50 مندرجہ ذیل میں کون مختلف ہے؟

(A) کپاس (B) دھاگا

(C) لباس (D) روئی

## حصہ دوم ( Part -2)

## حیاتیاتی سائنس (Biological Science)

.51 ان میں سے کس نے ایٹم (Atom) کا ماڈل پہلے پیش کیا؟

(A) جے۔ جے تھامسن (J. J. Thomson) (B) رودرفورڈ (Ruther Ford)

(C) نیلز بور (Neils Bohr) (D) آئنسٹائن (Einstein)

.52 ہندوستان مس ی کون سا اناج سب سے زیادہ پیدا ہوتا ہے؟

(A) باجرا (B) مکئی

(C) گندم (D) چاول

.53 مندرجہ ذیل میں پودوں کے لیے خرد غذا (Micronutrient) کون ہے؟

(A) نائٹروجن (B) بوران

(C) پوٹاشیم (D) فاسفورس

.54 مندرجہ ذیل میں کون سی قدرتی کیڑے مار دوا (Natural Insecticide) ہے؟

(A) نیکوٹین (B) نیم

(C) پائری تھرم (D) یہ سبھی

.55 ان میں سے کون کاربوہائیڈریٹ کا ذریعہ (Source) نہیں ہے؟

(A) چاول (B) چنا

(C) باجرا (D) جوار

.56 کون سی مچھلی سطح پر آ کر خا نہ کھاتی ہے؟

(A) کٹلا (B) روہو

(C) کارپ (D) مریگیلا

57. گندھی بگ (Gundhi Bug) کس فصل کونقصان کرتا ہے؟

(A) کپاس (B) گندم

(C) چاول (D) گنا

58. خلیہ کا نظریہ (Cell Theory) کس نے پیش کیا؟

(A) واٹسن اور کریک (B) سلائیڈن اور شوان

(C) مینڈل اور مورگن (D) ڈارون اور والیس

59. مرکب خردبین(Compound Microscope) میں کتنے لینسز (Lenses) ہوتے ہیں؟

(A) 2 (B) 3

(C) 4 (D) 1

60. پلازمہ جھلّی (Plasma Membrane) ہوتی ہے۔

(A) سرایت پذیر جھلّی (Premeable) (B) نیم سرایت پذیر جھلّی (Semi Premeable)

(C) انتخابی سرایت پذیر جھلّی (Selective Premeable) (D) غیر سرایت پذیر جھلّی (Impremeable)

61. نباتاتی خلیہ (Plant Cell) میں نیوکلیئس (Nucleus) ہوتا ہے۔

(A) بیلنا کار (Cylendrical) (B) بیضوی (Elliptical)

(C) پلیٹ نما (Discoidal) (D) گول (Rounded)

62. خلیات (Cells) کا ایک ایسا غرح جو فعل، ساخت اور پیدائش میں یکساں ہو کہلاتا ہے۔

(A) بافتیں (Tissue) (B) عضوا (Organ)

(C) خلیہ عضویچہ (Organelles) (D) لیگامینٹ (Ligament)

63. جانوروں میں کون سی بافتیں(Tissue) سب سے زیادہ ملتی ہیں؟

(A) اپی تھیلیم (Epithelium) (B) عضلاتی بافت (Muscular Tissue)

(C) انتصالی بافت (Connective Tissue) (D) خون (Blood)

64. لیگامینٹ (Ligament) ایک ہڈی (Bone) کو جوڑتا ہے؟

(A) ہڈی سے (B) جلد سے

(C) پٹھوں سے (D) (B)اور (C) دونوں سے

65. پودوں میں زائیلم (Xylem) کے اجزا ہیں۔

(A) ٹریکیڈس (Tracheids)
(B) نالی (Vessel)
(C) (A) اور (B) دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

66. اعلیٰ پودوں (Higher Plants) میں خوراک کس کے ذریعہ منتقل ہوتی ہے؟

(A) زائیلم (Xylem)
(B) فلوئیم (Phloem)
(C) (A) اور (B) دونوں
(D) ان میں سے کوئی نہیں

67. وہیل (Whale) کا بلبر (Bulbber) اور اونٹ (Camel) کا کوہان (Hump) میں موجود ہیں۔

(A) خولی اتصالی بافت (Areolar Tissue)
(B) ٹینڈن (Tenden)
(C) روغنی بافت (Adipose Tissue)
(D) عضلاتی بافت (Muscular Tissue)

68. ان میں سے خون (Blood) میں کون سی خلیات (Cells) حقیقی نہیں ہیں؟

(A) مونوسائیٹس (Monocytes)
(B) پلیٹ لیٹس (Platelets)
(C) بیسوپھیلس (Basophils)
(D) نیٹروفیلیس (Neutrophils)

69. ہیورسیان نالی (Haversian Canals) کس میں موجود ہوتی ہے؟

(A) کارٹیلیج (Cartilage)
(B) لیگامینٹ (Ligament)
(C) ٹینڈن (Tendon)
(D) ہڈی (Bone)

70. پودوں میں سیل ڈویژن (Cell Division) کس طرح کی خلیات (Cells) میں محدود ہوتا ہے؟

(A) منقسمی خلیات (Meristematic Cells)
(B) مستقل خلیات (Permanent Cells)
(C) سراوی خلیات (Secretory Cells)
(D) یہ سبھی

71. رضا کارانہ پٹھے (Voluntary Muscles) موجود ہوتی ہے۔

(A) غذائی نالی (Alimentry Canal)
(B) پاؤں (Limbs)
(C) آنکھوں کی آیرس (Iris of Eyes)
(D) پھیپھڑوں میں (Lungs)

72. کارٹیلیج (Cartilage) ان میں سے کس میں نہیں پایا جاتا ہے؟

(A) ناک
(B) کان
(C) نرخرہ (Larynx)
(D) گردہ (Kidney)

73. انقباضی پذیر پروٹین (Contractile Protein) کس میں پایا جاتا ہے؟

(A) عضلات (Muscles)
(B) ہڈیاں (Bones)
(C) کارٹیلیج (Cartilage)
(D) خون (Blood)

74. الگئی (Algae) ہیں۔

(A) ٹیریڈوفائیٹا (Pteridophyta)
(B) برایوفائٹا (Bryophyta)
(C) جمنوسپرم (Gymnosperms)
(D) تھیلوفائٹا (Thallophyta)

75. پودوں میں لچک (Flexibility) کس کی وجہ سے ہوتی ہے؟

(A) کولن کائما (Collenchyma)
(B) اسکلیرن کائما (Sclerenchyma)
(C) پیرین کائما (Parenchyma)
(D) کلورن کائما (Chlorenchyma)

76. مندرجہ ذیل کس پودے میں ننگے بیج (Nakes Seeds) پائے جاتے ہیں؟

(A) آم
(B) سرسوں
(C) پینس (Pinus)
(D) لیموں (Lemon)

77. صحرائی پودوں (Desert Plants) میں پانی ضائع ہونے کی شرح کس کی موجودگی کی وجہ سے کم ہوجاتی ہے؟

(A) سٹیومیٹا (Stomata)
(B) لیگنین (Lignin)
(C) کٹیکل (Cuticle)
(D) سبرین (Suberin)

78. مکڑی اور بچھو ہیں:

(A) انسیکٹا (Insecta)
(B) آرگنائنڈز (Arachineds)
(C) ملی پیڈس (Millipeds)
(D) سینٹی پیڈس (Centipedes)

79. "Origin of Species" کتاب کے مصنف ہیں؟

(A) ڈارون (Darwin)
(B) ہیکل (Hacckel)
(C) لینیئس (Linnaeus)
(D) وائٹیکر (Whittakar)

80. مندرجہ ذیل میں سے کس جانور کے دل میں دو چیمبر (Two Chambers) ہیں؟

(A) کبوتر
(B) مچھلی
(C) سانپ
(D) گائے

81. ایکانوڈرمیٹا (Echinodermata) میں چلنے کے اعضاء (Organs) ہیں۔

(A) مسکولرفیٹ (Muscular Feet) (B) مشترکہ ٹانگیں (Joint Legs)

(C) ٹیوب فیٹ (Tube Feet) (D) پیراپوڈا (Parapoda)

82. کھوکھلی ہڈیا (Hollow Bones) کس میں پائی جاتی ہیں؟

(A) مور (B) مینڈک

(C) سانپ (D) وہیل

83. مندرجہ ذیل میں سے کون سی بیماری متعدی (Infectious) نہیں ہے؟

(A) ٹائیفائیڈ (B) جذام (Leprosy)

(C) سرطان خون (Lukemia) (D) خسرہ (Measels)

84. ان میں سے کون سی بیماری وائرل (Viral) نہیں ہیں؟

(A) ٹائیفائیڈ (Typhoid) (B) ایڈس (Aids)

(C) ڈینگی (Dengue) (D) انفلوئنزا (Influenza)

85. کون سی مٹی (Soil) پودوں کی نشوونما کے لیے سب سے زیادہ مناسب ہے؟

(A) چکنی (Clay) (B) سینڈی (Sandy)

(C) لوم (Loam) (D) کنکر (Gravel)

86. پیلیگرا (Pellagra) بیماری کس وٹامین (Vitamin) کی کمی سے ہوتی ہے؟

(A) وٹامن B12 (B) نیاسین (Niacin)

(C) وٹامن B2 (D) وٹامن B1

87. پیشاب ہمارے جسم میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا راستہ اختیار کرتا ہے؟

(A) Kidney —> Bladder—> Urethra —> Ureter

(B) Bladder —> Kidney —> Ureter —> Urethra

(C) Kidey —> Ureter —> Bladder —> Urethra

(D) Kideny —> Ureter —> Urethra —> Bladder

88. جسم کا کوئی حصہ اگر کٹ یا چھل جاتا ہے تو وہاں خون کا جماؤ (Coagulation) کس کی وجہ سے ہوتا ہے؟

(A) WBC
(B) Plasma
(C) RBC
(D) Platelets

89. ان میں سے کون سا ہارمون (Hormone) پودوں میں نہیں پایا جاتا ہے؟

(A) اکسین (Auxin)
(B) اسکوربک ایسڈ (Ascorbic Acid)
(C) سائٹوکائنن (Cytokinin)
(D) ابسیسک (Abscisic Acid)

90. دو نیورانس (Neurons) کے درمیان خلا (Gap) کو کیا کہا جاتا ہے؟

(A) سیناپس (Synapse)
(B) ڈینڈرائٹ (Dendrite)
(C) ایکزان (Axon)
(D) امپلس (Impulse)

91. دماغ (Brain) کا کیا کام ہے؟

(A) سوچنا (Thinking)
(B) جسم کا توازن
(C) دل کی دھڑکن کو منظّم کرنا
(D) یہ سبھی

92. امرتا دیوی بشنوئی (Amrita Devi Bishnoi) کا کس درخت سے تعلق ہے؟

(A) کھجری (Khejri)
(B) کیکر (Keekar)
(C) کھجرالی (Khajrali)
(D) کھجور (Khajoor)

93. ایٹم (Atom) کے نیوکلیس کا سائز کیا ہوتا ہے۔

(A) $10^{-12}$ m
(B) $10^{-8}$ m
(C) $10^{-15}$ m
(D) $10^{-10}$ m

94. کس ایٹم میں نیوٹرانس (Neutrons) موجود نہیں ہوتے ہیں؟

(A) He
(B) H
(C) C
(D) N

95. بھاری پانی (Heavy Water) ہے۔

(A) سمندر کا پانی
(B) $H_2O$
(C) $H_2O_2$
(D) $D_20$

96. کیلسیفرول (Calciferol) کس کا کیمیائی نام ہے؟

(A) وٹامن A
(B) وٹامن D
(C) وٹامن C
(D) وٹامن B

97. انسان(Human) میں آر بی سی (RBC) کی مدت حیات (Life Span) کتنے دن ہوتا ہے؟

(A) 120
(B) 80
(C) 15
(D) 10

98. اعضاء کے استعمال (Use) اور غیر استعمال (Disuse) کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(A) منڈل (Mendal)
(B) ڈارون (Darwin)
(C) ڈی وریز (De Vries)
(D) لیمارک (Lamarck)

99. گروتھ ہارمون (Growth Hormone) کس غدود(Gland) سے نکلتا ہے؟

(A) تھائیرائیڈ (Thyroid)
(B) پینکریاس (Pancrease)
(C) پٹیوٹری (Pituitary)
(D) ایندرینل (Adrenal)

100. لائیسوسومس (Lysosomes) کس سے بنتے ہیں؟

(A) گولگی اپریٹس (Golgi Appratus)
(B) اینڈوپلازمک ریٹیکولم (Endoplasmic Reticulum)
(C) مائٹوکونڈریا (Mitochondria)
(D) نیوکلیس (Nucleus)

☆☆☆

Rough Work